سوال

(83)شہید کی نمازِ غائبانہ کی بذریعہ اشتہارات اورلاوَڈ سپیکر تشہیر کرنا، سنت ہے یا بدعت؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

غائبانہ نمازجنازہ خاص کرشہید کاجوآج کل بذریعہ اشتہارات لاؤڈ سپیکرپراعلانات گلی کوچوں میں منادی کے ذریعے یہ دعوت دی جاتی ہے کہ فلاں شہید کاغائبانہ نمازِجنازہ پڑھاجائے گا؟ آیا یہ بدعت ہے یاسنت۔ اگرسنت ہے توآپ حدیث سے دلیل دے کرجواب دیں۔ اگربدعت ہے توپھراہل حدیث اپنے آپ کوحدیث پرعامل ہونے کا دعویدار بھی کہتے ہیں اور خودہی بدعت پر عمل کررہے ہیں۔ براہِ مہربانی قرآن وسنت کی روشنی میں جواب دے کر مستفید فرمائیں۔ (حاجی محمدعارف۔ چیچہ وطنی) (۱۹اپریل ۱۹۹۹ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سنت میں مجھے اس کاکوئی اصل معلوم نہیںہوسکا۔ بلکہ دلائل اس کے خلاف ہیں۔ راجح مسلک یہ ہے کہ شہید فی المعرکہ کی نمازِجنازہ نہیں۔ اس بارے میں ''الاعتصام'' میں متعدد دفعہ تفصیل شائع ہوچکی ہے۔ اس کی طرف رجوع فرمائیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب الجنائز:صفحہ:142

محدث فتویٰ